## مسلم لیگ ہم خیال گروپ کے رہنماؤں کا نائن زیرو کا دورہ، ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔30، ستمبر 2010ء

مسلم لیگ ہم خیال گروپ کے رہنما ہمایوں اختر اور سینیٹر غفار قریشی نے جمعرات کی شب نائن زیرو عزیز آباد کا دورہ کیا اور ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب اور کنور نوید جمیل سے ملاقات کر کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ اس موقع پر حق پرست صوبائی وزیر فیصل سبزواری اور سینیٹر عبدالحسیب خان بھی موجود تھے۔ وفد نے ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے قتل پر شدید الفاظ میں مذمت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم پوری قوم دکھ کی اس گھڑی میں ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین ، ایم کیو ایم کے تمام کارکنان اور سوگوار والدین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے اُمید ظاہر کی کہ اسکارٹ لینڈ یارڈ بہت جلد ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے قاتلوں کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچائے گی ۔ انہوں نے ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی مغفرت اور ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین اور تمام کارکنان سمیت شہید کے سوگوار والدین اور دیگر عزیز و اقارب کیلئے صبر جمیل کی دعائیں بھی کیں۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے اراکین نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ان کا نائن زیرو پر آنے کا شکریہ ادا کیا۔

## پریس فوٹو گرافر ایسوسی ایشن آف پاکستان اور تاجر ایسوسی ایشن کے وفود کی نائن زیرو پر ڈاکٹر فاروق ستار اور کنور خالد یونس سے ملاقات، ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر اظہارِ افسوس

کراچی۔۔۔30، ستمبر 2010ء

پریس فوٹو گرافر ایسوسی ایشن آف پاکستان کے صدر شعیب احمد اور جنرل سیکرٹری حامد حسین کی سربراہی میں نمائندہ وفد نے گزشتہ روز ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات کی اور شہید انقلاب رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر دلی تعزیت و افسوس کا اظہار کیا۔ اس موقع پر حق پرست وفاقی وزیر بابر خان غوری بھی موجود تھے۔ وفد نے عمران فاروق شہید کی شہادت کو ملک کی سیاست کا ناقابل تلافی نقصان قرار دیتے ہوئے اس واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور جناب الطاف حسین سمیت شہید کے سوگوار والدین اور دیگر عزیز و اقارب کو صبر جمیل کی توفیق دے ۔ دریں اثناء کراچی تاجر ایسوسی ایشن کے چیئرمین محمد کاشف صابرانی کی سربراہی میں نمائندہ وفد نے بھی گزشتہ روز ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس سے ملاقات کی اور شہید انقلاب ایم کیو ایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے شہید کی مغفرت اور سوگوارن کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

☆☆☆☆☆